غلطی سے ٹائم سے پہلے ہی افطار کرلیا تو روزے کا کیا حکم ہے؟

مجیب: مفتی ابو محمد علی اصغر عطاری

فتوی نمبر: Nor-12137

تاریخ اجراء: 26رمضان المبارک1443ھ /28اپریل2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر روزے دار نے غلطی سے ٹائم سے پہلے ہی افطار کرلیا، جبکہ اسے روزہ دار ہونا یاد بھی تھا۔ تو کیا اس کا وہ روزہ ادا ہو جائے گا؟؟ رہنمائی فرمادیں۔ سائل: سلمان ارشد(via، میل)

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

پوچھی گئی صورت میں اس شخص کا وہ روزہ ادا نہیں ہوا، لہذا اس شخص پر لازم ہے کہ وہ اس روزے کی قضا کرے اور آئندہ اس معاملے میں احتیاط سے کام لے۔

چنانچہ المختصر القدوری میں ہے: ”ومن تسحر وهو يظن أن الفجر لم يطلع أو **أفطر وهو يرى أن الشمس قد غربت ثم تبين** أن الفجر قد طلع أو **أن الشمس لم تغرب قضى ذلك اليوم** ولا كفارة عليه“ یعنی کسی شخص نے سحری کی حالانکہ اسے فجر طلوع نہ ہونے کا گمان تھا یا پھر افطار کیا حالانکہ اسے سورج غروب ہونے کا گمان تھا، بعد میں اسے معلوم ہوا کہ فجر تو طلوع ہو چکی تھی یا پھر سورج ابھی غروب ہی نہیں ہوا تھا، تو اب ان دونوں صورتوں میں اس پر اس دن کے روزے کی قضا لازم ہے کفارہ لازم نہیں۔ (المختصر القدوری، کتاب الصوم، ص97، مکتبہ ضیائیہ، راولپنڈی)

بہارِ شریعت میں ہے: ”**یہ گمان کرکے کہ آفتاب ڈوب گیا ہے، افطار کرلیا** حالانکہ ڈوبا نہ تھا یا دو شخصوں نے شہادت دی کہ آفتاب ڈوب گیا اور دو نے شہادت دی کہ دن ہے اور اُس نے روزہ افطار کرلیا، **بعد کو معلوم ہوا کہ غروب نہیں ہوا تھا ان سب صورتوں میں صرف قضا لازم ہے**، کفارہ نہیں۔“ (بہار شریعت، ج01، ص989، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

مفتی وقار الدین علیہ الرحمہ سے سوال ہوا: ”آج غروبِ آفتاب سات بج کر بیس منٹ پر تھا۔ ریڈیو اور ٹیلی ویژن نے غلطی سے سات بج کر اٹھارہ منٹ پر اذان دے دی اور تقریباً تمام لوگوں نے افطار کرلیا۔۔۔ آیا ان کا روزہ ہوا یا نہیں؟“ آپ علیہ الرحمہ اس کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں: ”صورتِ مسئولہ میں **اگر واقعی سورج غروب نہیں ہوا**

تھااور روزہ افطار کیاتو یہ روزہ نہیں ہوا، اس دن کے روزے کی قضاضروری ہے کفارہ نہیں۔" (وقارالفتاوٰی، ج02، ص 434، بزم وقارالدین، ملخصاً وملتقطاً)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftAhlesunnat
Dar-ul-Ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net